Shabbir / Tanveer

05-04-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کو دوبارہ بلایا جارہا ہے، تاکہ 2029 سے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے 33 فیصد ریزرویشن کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆ ایران میں پھنسے 345 بھارتی ماہی گیر آرمینیا کے راستے چنئی پہنچ گئے ہیں۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو آبنائے ہُرمز کھولنے کیلئے 48 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ تہران پر امریکی حملے میں ایران کے اعلیٰ فوجی رہنما مارے گئے ہیں۔

☆ مغربی سمت سے موسم میں ہونے والی تبدیلی سے شمالی بھارت میں پہاڑی علاقوں میں تازہ برف باری ہوئی ہے، جبکہ میدانی علاقوں میں بارش ہوئی ہے۔

☆ بینکاک میں عالمی تیر اندازی Para سیریز میں Payal Nag نے شیتل دیوی کو ہراکر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

☆ اور IPL کرکٹ میں احمد آباد میں راجستھان رائلس نے گجرات ٹائٹنس کو 6 رن سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Women Reservation

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کو تین دن کیلئے بڑھا دیا گیا ہے، تاکہ 2023 میں منظور ہونے والا وہ قانون، جس کے تحت لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن دیا گیا ہے، 2029 سے نافذ کیا جاسکے۔ کیرالہ کے شہر Thiruvalla میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حکومت نے بجٹ اجلاس میں توسیع کی ہے اور یہ اجلاس مزید تین دن، 16, 17 اور 18 اپریل کو جاری رہے گا۔ وزیراعظم نے کہاکہ حکومت اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ کوئی بھی ریاست، چاہے وہ کیرالم، تمل ناڈو، کرناٹک، آندھرا پردیش، گوا یا تلنگانہ ہو، اُس کی لوک سبھا کی نشستوں میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

جناب مودی نے کہاکہ کیرالم، تمل ناڈو یا دیگر ایسی ریاستوں میں، جہاں آبادی پر قابو پانے میں کامیابی حاصل کی گئی ہے، کچھ لوگ غلط معلومات پھیلا رہے ہیں کہ اگر آبادی کم ہوجائے گی تو اُن کی پارلیمانی سیٹیں بھی کم ہوجائیں گی۔

Byte: PM Modi

وزیراعظم نے کہاکہ NDA حکومت نے 2023 کے قانون کے ذریعے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن دیا ہے۔ وزیراعظم نے تمام پارٹیوں پر زور دیا کہ یہ خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق معاملہ ہے، لہٰذا اُنہیں کُھلے ذہن اور بغیر کسی سیاسی حساب کتاب کے، اِس کی مکمل حمایت کریں اور ملک کی ماؤں اور بہنوں کا اعتماد جیتنے میں ساجھیدار بنیں۔ عوام سے یہ کہتے ہوئے کہ وہ اِس سلسلے میں اپوزیشن پارٹیوں سے وعدہ لیں، جناب مودی نے مزید کہا کہ یہ ملک کی ماؤں اور بہنوں کا حق ہے، جو پچھلے 40 سال سے زیرالتوا ہے اور اِس میں مزید تاخیر نہیں ہونی چاہئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خواتین نمائندوں کی تعداد کو بڑھانے کی ضرورت کو ملحوظ رکھتے ہوئے مذکورہ قانون میں ترامیم کو ناری شکتی وَندن قانون کا نام دیا جائے گا۔×

Keralam Campaigning

کیرالم اسمبلی انتخابات کیلئے تشہیری مہم زور و شور سے جاری ہے۔ کُل 140 اسمبلی حلقوں میں امیدوار ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں:

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Smith

اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم ختم ہونے سے پہلے اِس آخری ہفتے میں امیدوار اور پارٹی اہلکار کیرالم میں زیادہ سے زیادہ ووٹروں سے ذاتی طور پر ملاقات کرنے پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔ تشہیری مہم کے آخری مرحلے میں گھر گھر جاکر اور مقامی سطح پر لوگوں سے بات چیت کرکے انھیں متوجہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما بھی سرگرمی کے ساتھ کیرالم کے عوامی جلسوں اور روڈ شوز میں حصہ لے رہے ہیں۔

سینئر BJP لیڈر اور مرکزی داخلہ امت شاہ Beypore میں ایک روڈ شو میں شرکت کریں گے اور Kattakada میں ایک عوامی جلسے میں بھی شامل ہوں گے۔ وہیں کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھڑگے Peerumedu اور Kottarakkara میں انتخابی مہم سے متعلق پروگراموں میں شرکت کریں گے۔

CPIM کے جنرل سکریٹری M.A.Baby وَماناپورم اور وَرکلا سمیت کئی حلقوں میں مختلف پروگراموں میں حصہ لیں گے۔ جیسے جیسے انتخابی تشہیر کی مدت ختم ہونے والی ہے، سبھی سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے ہرممکن کوششیں کر رہی ہیں۔

تھروانَنتھاپورم سے Smith M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

Rev. PM WB Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج چناؤ مہم کیلئے مغربی بنگال کے کوچ بہار جائیں گے۔ جناب مودی کوچ بہار کے Ras Mela گراؤنڈ میں کوچ بہار ضلع کی آٹھ سیٹوں اور علی پور دوار ضلع کے پانچ اسمبلی حلقوں کے BJP امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C: Ashok Chaurasia

وزیراعظم کی اِس ریلی کو نہایت اہم سمجھا جارہا ہے۔ یہ ریلی یہاں کی راج بنشی، Koch، Mech اور Rabha برادریوں پر BJP کی پکڑ کو مضبوط بنانے کیلئے کافی مددگار ثابت ہوگی۔ کوچ بہار سے جناب مودی کی انتخابی مہم کی شروعات، ریاست میں TMC حکومت کو بدلنے اور BJP حکومت قائم کرنے کو یقینی بنانے کیلئے ہے۔ BJP شمالی بنگال کی تمام 54 سیٹوں پر چناؤ لڑرہی ہے۔ BJP کے ذرائع کے مطابق جناب مودی ریاست میں 15 ریلیاں کرسکتے ہیں۔ وہ 10 اپریل کو دارجلنگ ضلع کے سلی گوڑی میں ایک بڑا روڈ شو کریں گے۔

Kurseong سے اشوک چورسیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے......................

BJP WB List

BJP نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے پانچ امیدواروں پر مشتمل اپنی پانچویں فہرست جاری کی ہے۔ انوپم بسواس، درج فہرست ذاتوں کیلئے مخصوص سیٹ کلیانی سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ تارک ناتھ چٹرجی، کرشنا نگر اُتر سے، Saurav Sikdar دَم دَم اُتر سے، Anindya راجو بنرجی Madhyarmgram سے اور Rudra پرساد بنرجی Uluberia Purba اسمبلی حلقے سے میدان میں ہوں گے۔ BJP نے اپنی سابقہ فہرست میں بھی ترمیم کی ہے۔ اب Kaushik سدھارتھ، بشیر ہارٹ اُتر سے، اَبھجیت سردار بشنوپور SC سیٹ سے، جبکہ شنکر سِکدر Behala Purba حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔×

WB ECI Atanu Chakraborty

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے Panihati اسمبلی حلقے کے سیکٹر اسسٹنٹ Atanu Chakraborty کو عہدے سے ہٹا دیا ہے اور غلط رویے اور فرائض میں کوتاہی کے الزام میں اُنہیں وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔ یہ کارروائی چکرورتی کے ایک مخصوص سیاسی پارٹی کے ساتھ سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے الزام کے بعد کی گئی ہے، جس کا کمیشن نے نوٹس لیا ہے۔ ایک الگ واقعے میں چناؤ کمیشن نے مرشدآباد ضلع کے بہرام پور کے انسپکٹر انچارج کے خلاف بھی فرائض میں غفلت برتنے پر تادیبی کارروائی شروع کی ہے۔ یہ کارروائی کانگریس کے سینئر رہنما

اور سابق رکن پارلیمنٹ ادھیررنجن چودھری کی انتخابی مہم اور نامزدگی کے عمل کے دوران غیرقانونی طور پر رکاوٹ کھڑی کرنے کی خبروں کے بعد کی گئی ہے۔

اِس کے علاوہ انتخابی کمیشن نے اِس واقعے کے سلسلے میں ترنمول کانگریس کے چار رہنماؤں کے خلاف بھی کارروائی شروع کی ہے۔×

Constitutency Profile Mahe

چار ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے میں ہونے والے اسمبلی انتخابات سے پہلے اہم اسمبلی حلقوں کی ہماری ایک خصوصی سیریز کے حصے کے طور پر آج ہمارے نامہ نگار مرکز کے زیرِ انتظام علاقے پدوچیری کے ماہے اسمبلی حلقے پر ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

V/C Bibin S Nath

مرکز کے زیرِ انتظام علاقے پدوچیری کا ماہے اسمبلی حلقہ کیرالم میں آتا ہے، جو پڑوسی ریاستوں کے سیاسی رجحان سے اکثر و بیشتر متاثر رہتا ہے۔ 1964 سے 2011 تک خطے میں دو اسمبلی حلقے رہے: ماہے اور Palloor۔ 2011 کے اسمبلی انتخابات سے پہلے Palloor کو ختم کرکے دونوں علاقوں کو ماہے اسمبلی حلقے میں ضم کردیا گیا تھا۔

اِس اسمبلی حلقے میں کُل 30 ہزار 237 رائے دہندگان ہیں جن میں 14 ہزار 49 مرد اور 16 ہزار 188 خواتین ووٹر شامل ہیں۔

کیرالم کے سیاسی منظر نامے کی طرح یہ حلقہ سالوں سے انڈین نیشنل کانگریس اور کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (مارکسی) کا گڑھ رہا ہے۔

2021 کے اسمبلی انتخابات میں کانگریس کے رمیش Parambath نے 300 ووٹوں کے فرق سے یہ سیٹ جیتی تھی، جبکہ لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ کی حمایت والے آزاد امیدوار این۔ہری داسن ماسٹر بہت کم فرق سے دوسرے نمبر پر رہے۔ اِس الیکشن میں موجودہ MLA رمیش Parambath دوبارہ چناؤ لڑنے کے خواہاں ہیں جبکہ لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ آزاد امیدوار ایڈووکیٹ ٹی۔اشوک کمار کی حمایت کر رہا ہے۔ اِس مقابلے کو سہ رخی بناتے ہوئے NDA نے اے۔دنیشن کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔

پدوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Fishermen West Asia

مغربی ایشیا میں جاری تنازعے کے دوران ایران میں پھنسے ہوئے 345 بھارتی ماہی گیر آرمینیا کے راستے انخلاء کے بعد کل شام بحفاظت چنئی پہنچ گئے۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق اِن ماہی گیروں کو تنازعے سے متاثرہ علاقے میں اپنے شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کی بھارت کی مسلسل کوششوں کے تحت واپس لایا گیا ہے۔

اِس سے قبل دن میں وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِن ماہی گیروں کے انخلاء میں تعاون کرنے پر آرمینیا کی حکومت اور آرمینیا کے اپنے ہم منصب Ararat Mirzoyan کا شکریہ ادا کیا، جنہوں نے تنازعے کے دوران ایران سے بھارت تک بھارتی شہریوں کے محفوظ سفر میں سہولت فراہم کی۔ آرمینیا، ایران میں موجود بھارتی شہریوں کے انخلاء میں مدد فراہم کررہا ہے۔

جمعرات کو وزارت خارجہ نے بتایا کہ ایک ہزار 200 سے زیادہ بھارتی شہریوں کو ایران سے بحفاظت نکالا جاچکا ہے۔ اِن میں سے 996 شہریوں کو آرمینیا منتقل کیا گیا ہے۔×

Trump Iran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو آبنائے ہُرمز کھولنے کیلئے 48 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ٹرمپ نے ایران کو یاد دلایا کہ اُس کے پاس 26 مارچ تک دس دن تھے کہ یا تو وہ معاہدہ کرے یا آبنائے ہُرمز کھول دے۔ اُنہوں نے ایران کو خبردار کیا کہ اُس کے پاس صرف 48 گھنٹے باقی ہیں، ورنہ اُسے سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ امریکی صدر مسلسل ایران کے توانائی مراکز پر بمباری کی دھمکی دیتے رہے ہیں، جبکہ ساتھ ہی وہ جنگ کے خاتمے کیلئے سفارتی حل کیلئے بھی کوشش کررہے ہیں۔ پچھلے مہینے 26 تاریخ کو جناب ٹرمپ نے دعویٰ کیا تھا کہ اُنہوں نے تہران کو واشنگٹن کے ساتھ معاہدہ کرنے یا مزید حملوں کا سامنا کرنے کی مقررہ میعاد ایران کی درخواست پر بڑھا دی تھی۔ حالانکہ اسلامی جمہوریہ ایران نے تنازع ختم کرنے کیلئے امریکی تجویز کو یکطرفہ اور غیرمنصفانہ قرار دے کر مسترد کردیا تھا۔×

Trump Iran Miltary

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ تہران میں ایک بڑے حملے میں ایران کے کئی فوجی رہنما مارے گئے ہیں۔ امریکی فوج کے تہران پر حملے کی ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ ایران کے بہت سے فوجی رہنما، جنہوں نے ملک کی قیادت کمزور اور غیردانشمندانہ انداز میں کی، اِس بڑے حملے میں ختم کردیئے گئے ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ تہران میں ہونے والے اِس بڑے حملے میں نہ صرف فوجی قیادت کو نشانہ بنایا گیا، بلکہ دیگر اہداف کو بھی نقصان پہنچا۔×

Easter

آج دنیا بھر میں ایسٹر منایا جارہا ہے۔ یہ دن حضرت عیسیٰ مسیح کے دوبارہ زندہ ہونے کی علامت ہے، جو گڈ فرائیڈے کے دن Calvary میں مصلوب ہونے اور وفات کے بعد پیش آیا۔ یہ دن مقدس ہفتے کے اختتام کی بھی نشاندہی کرتا ہے، جس میں عبادات، توبہ اور حضرت عیسیٰ مسیح کے زندگی کے آخری ایام کو یاد کیا جاتا ہے۔x

Prez Easter

صدر جمہوریہ دوپدی مرمو نے ایسٹر کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ مرمو نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ بہتر مستقبل کیلئے رواداری، بھائی چارہ اور امن کیلئے اجتماعی کوشش کرنے کے عزم کا اعادہ کریں۔x

VP Easter

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج ایسٹر کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی اور تعلیمات محبت، قربانی، معافی اور دوسروں کی خدمت کی پائیدار اقدار کی عکاسی کرتی ہیں۔
انھوں نے کہا کہ یہ مقدس موقع لوگوں کو سچائی کو برقرار رکھنے، عاجزی کو اپنانے اور سب کی عظیم تر بھلائی کے لئے مل کر کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

Tribute Jaggivan Ram

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق نائب وزیراعظم Jagjivan Ram کو ان کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔
جناب برلا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ممتاز عوامی لیڈر کو یاد کیا کہ انھوں نے اپنی پوری زندگی، سماجی ہم آہنگی کی تعمیر، مساوی مواقع کو یقینی بنانے اور ایک منصفانہ نظام کے قیام میں وقف کردی۔
وہیں جناب شاہ نے بھی ایک سوشل میڈیا میں آزادی کی لڑائی میں بھارت کے سابق نائب وزیراعظم کی طرف سے کی گئی اہم شراکت پر روشنی ڈالی اور انھیں مذہبی تبدیلی کو مخالفت کرتے ہوئے تقسیم کرنے والی طاقتوں کا مضبوطی سے مقابلہ کرنے کیلئے یاد کیا۔x

Eestern Disturbance North India

ہماچل پردیش اور جموں کے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی ہے۔ اِس کے سبب دلی، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کے کچھ حصوں میں بارش ہوئی۔ اِس ہفتے شمالی ریاستوں میں وقفے وقفے سے بارش اور ژالہ باری کا سلسلہ جاری رہا۔ پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں گندم کی کھیتی کرنے والے کسانوں کو فصلوں کی تباہی کے سبب بڑے نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

جموں و کشمیر میں برف باری کی وجہ سے کئی اہم شاہراہیں بند کردی گئی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے کچھ حصوں میں مختصر لیکن شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔ ہماچل پردیش میں کئی علاقوں میں ہلکی سے اوسط بارش اور برف باری ہوئی۔

شملہ کے موسمیات کے دفتر نے چمبا، کانگڑا، کُلّو، منڈی اور شملہ کے اضلاع میں منگل اور بدھ کے روز ژالہ باری، گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

لاہول اسپتی اور کُلّو کے بالائی علاقوں میں پچھلے 24 گھنٹے کے دوران برف باری ہوئی۔ موسمیات محکمے نے ریاست میں دس اپریل تک چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

World Para Archery

عالمی تیر اندازی پیرا سیریز میں، پایل ناگ نے Bangkok میں، خواتین کے کمپاؤنڈ فائنل مقابلے میں دنیا کی پہلے درجے کی کھلاڑی شیتل دیوی کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے 136 کے مقابلے 139 کے اسکور سے یہ جیت حاصل کی۔ اس کے ساتھ ہی بھارت کے تمغوں کی تعداد 16 ہوگئی ہے جس میں سات سونے کے، پانچ چاندی کے اور چار کانسے کے تمغے شامل ہیں۔

مردوں کے کمپاؤنڈ مقابلے میں Toman کمار نے آسٹریلیا کے Jonathon Milne کو 142 کے مقابلے 146 کے اسکور سے ہراکر سونے کا جیتا جبکہ Bhawna نے تھائی لینڈ کی Phattharaphon Pattawaeo کو چھ۔صفر سے ہراکر خواتین کا Recurve خطاب اپنے نام کیا۔x

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ایک دلچسپ مقابلے میں راجستھان رائلس نے گجرات ٹائٹنس کو 6 رن سے شکست دی۔ اِس سے پہلے راجستھان رائلس نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 210 رن بنائے، جواب میں میزبان گجرات ٹائٹنس مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ پر 204 رن ہی بنا سکی۔ اِس طرح گجرات ٹائٹنس کو لیگ میں لگاتار دوسری ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

آج کے مقابلے میں حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

دوسرے میچ میں بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بنگلورو کا سامنا چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -آسیہ

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ ''کیرالم میں ایل ڈی ایف حکومت کی الٹی گنتی شروع۔ سبریمالا ریلوے پروجیکٹ پورے خطے کیلئے نئے مواقع کھولے گا۔

وزیر اعظم مودی کی مشرق وسطیٰ میں پھنسے بھارتیوں کے تئیں اظہار تشویش سے متعلق خبروں کو بھی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے : گھبراہٹ میں ایندھن کی خریداری نہ کرنے کی حکومت کی اپیل۔

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے کنٹرول لائن پر فوجی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس خبر کو پرتاپ نے اپنے صفحۂ اول پر پیش کیا ہے۔

آبنائے ہرمز سے اب تک بھارت کے 7 جہاز بحفاظت باہر نکلے، حکومت نے کہا ہے کہ خام تیل کی درآمد کے لیے ادائیگی میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب اور پرتاپ سمیت کئی اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

1- سعودی ولی عہد سے اٹلی کی وزیر اعظم کی ملاقات
2- اقوام متحدہ نے کہا، ''مشرق وسطیٰ میں انسانی بحران، بے گھر افراد کی تعداد میں بڑا اضافہ۔
3- ایران کا اسرائیل پر فضائی حملہ، تین شہروں میں نقصان
4- کاٹھمنڈو میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف نوجوانوں کا احتجاج

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کو دوبارہ بلایا جارہا ہے، تاکہ 2029 سے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے 33 فیصد ریزرویشن کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆ ایران میں پھنسے 345 بھارتی ماہی گیر آرمینیا کے راستے چنئی پہنچ گئے ہیں۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو آبنائے ہُرمز کھولنے کیلئے 48 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ تہران پر امریکی حملے میں ایران کے اعلیٰ فوجی رہنما مارے گئے ہیں۔

☆ مغربی سمت سے موسم میں ہونے والی تبدیلی سے شمالی بھارت میں پہاڑی علاقوں میں تازہ برف باری ہوئی ہے، جبکہ میدانی علاقوں میں بارش ہوئی ہے۔

☆ بینکاک میں عالمی تیر اندازی Para سیریز میں Payal Nag نے شیتل دیوی کو ہراکر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

☆ اور IPL کرکٹ میں احمد آباد میں راجستھان رائلس نے گجرات ٹائٹنس کو 6 رن سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---